© rasailojaraid.com



امام حسینؓ کے فضائل و مناقب اور شہادت سے متعلّق احادیثِ رسولؐ اور تاریخی روایات کا ایک مجموعہ اربعین امام حسینؓ کے نام سے شائع کیا تھا۔ اب اسی مجموعے کی شرح، تخریج اور کتاب کے نام میں ایک لفظ کے ساتھ شائع کیا گیا ہے۔ اربعین امام حسینؓ عنوان سے تاثر ملتا ہے کہ یہ امام حسینؓ کی جمع کردہ احادیثِ رسولؐ کا مجموعہ ہے لیکن ایسا نہیں ہے بلکہ یہ ان سے متعلّق روایات ہیں جن کو مرتب نے صحت کے ساتھ پیش کیا ہے۔ طباعت معیاری ہے۔]

◉ **ادب: کس کا، کیوں اور کیسے؟**، مولانا حکیم محمد ادریس فاروقی، محمد نعمان فاروقی۔ ناشر: مسلم پبلی کیشنز، ۲۵-ہادیہ حلیمہ سنٹر، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۳۷۳۱۰۰۲۲-۰۴۲۔ صفحات: ۲۷۲۔ قیمت (مجلد): ۳۹۰ روپے۔ [اللہ تعالیٰ، رسول اللہؐ، قرآنِ مجید، احادیثِ رسولؐ، صحابہؓ و اہلِ بیتؓ، حرمین شریفین و دیگر مساجد، ائمہ محدثین و فقہا، اولیاے کرام، والدین، اساتذہ اور بڑوں کے ادب و احترام پر قرآن و حدیث کی روشنی میں رہنمائی فراہم کی گئی ہے۔ اسلوب عام فہم اور واقعات مستند۔ مصنف کا زاویہ نظر درست ہے۔]

◉ **تربیت اولاد میں ماں کا کردار**، عائشہ کرامت شیخ۔ ناشر: اسلامک سروسز سوسائٹی، ۱۷۹-اے، احمد بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور۔ فون: ۳۵۸۶۳۱۹۹-۰۴۲۔ صفحات: ۴۷۔ قیمت: درج نہیں۔ [معاشرتی بگاڑ کا بنیادی سبب اخلاق اور دین سے دُوری ہے اور نوجوان نسل بالخصوص اس کا ہدف ہے۔ اس انحطاط کو روکنے اور نوجوان نسل کی صحیح خطوط پر تربیت کے لیے ایک ماں کا مطلوبہ کردار اور راہ نمائی کے اصول اس کتابچے میں ایک مختلف اسلوب میں بیان کیے گئے ہیں۔ بچوں کی تربیت کے لیے ایک مختصر اور جامع کتاب۔]

---


ماہنامہ عالمی **ترجمان القرآن** مشن ہے، پیغام ہے، دعوت ہے

**خیر کا یہ چشمہ ۸۰ سال سے جاری ہے، آیئے اسے ہر گھر تک پہنچائیں**

- سالانہ خریدار بنیے ـــــ زرتعاون: 400 روپے
- پانچ سالہ خریدار بنیے ـــــ زرتعاون: 1700 روپے
- ۵ سے زیادہ پرچوں کی ایجنسی لیجیے، دوسروں تک پہنچایئے۔
- اعزہ واحباب کو نمونے کا پرچہ ہدیہ کیجیے۔

خصوصی تعاون کیجیے، **معاون خصوصی** بنیے ـــــ صرف: 6000 روپے

فون نمبر: 042-35427916 فیکس: 042-35427915 موبائل: 0336-4256942, 0307-4112700, 034-54488271, 0303-4488271


**اہم گزارش:** اس رسالے میں اشتہار دینے والے اداروں یا افراد سے معاملات کی کوئی ذمہ داری ماہنامہ عالمی ترجمان القرآن کی انتظامیہ کی نہیں ہے۔ قارئین اپنی ذمہ داری پر معاملات کریں۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com